سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ ڈکشنری کی دستاویز میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# شہری سرگرمیوں میں شراکت

## PARTICIPACIÓ CIUTADANA

### Acta fundacional d'una associació کسی بھی تنظیم کی تشکیل بارے ابتدائی دستاویز

کسی بھی تنظیم کی تشکیل کے وقت اس کے تمام بانی ارکان جو پرائیویٹ دستاویز تیار کرتے ہیں۔ اس کا آئین تشکیل دیتے ہیں اور باقاعدہ انتخاب کے ذریعے اس کی کابینہ **junta directiva** تشکیل دیتے ہیں۔ اسے کسی بھی تنظیم کی ابتدائی دستاویز کہا جاتا ہے۔ اس دستاویز میں تمام بانی ممبران کے مکمل کوائف۔ نام، خاندانی نام، شناختی دستاویز نمبر، ایڈریس اور دستخط ہونے چاہئیں۔

### Activitats extraescolars غیر نصابی سرگرمیاں

کسی بھی سکول کی انجمن والدین **AMPA** کی جانب سکول انتظامیہ کی اجازت سے جو سکول کے اوقات کے بعد غیر نصابی سرگرمیاں تشکیل دی جاتی ہیں۔ ان میں کھیلیں، لسانی پروگرام، پلاسٹک آرٹ، موسیقی یا ادبی سرگرمیاں وغیرہ شامل ہیں۔

### Apoderament اختیارات کا حصول

اس سے مراد خواتین کے ایک گروپ کی جانب سے خود اعتمادی، اجتماعی اعتماد پیدا کرنا ہے تاکہ وہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں بہتر انداز میں شرکت کر سکیں۔ چاہے وہ معاشی ادارے ہوں یا سیاسی و ثقافتی اور سماجی شعبہ جات ہوں

### Arbitratge de consum عدالتی نظام زندگی

کسی بھی جھگڑے کا جب لوگ آپس میں مل بیٹھ کر فیصلہ نہ کر سکیں انہیں حل کرنے کیلئے عدالت کا دروازہ کھٹکانا پڑتا ہے تاکہ وہ فریقین میں ان کے حقوق و فرائض کی باقاعدہ حد بندی کر سکے۔ اس عدالتی فیصلے کو تسلیم کرنا تمام افراد کی ذمہ داری ہوتا ہے۔

### Assemblea general de socis d'una associació کسی بھی تنظیم کے ارکان کی سپریم کونسل

کسی بھی تنظیم کو چلانے کیلئے سب سے زیادہ با اختیار ادارہ اس کی سپریم کونسل ہوتی ہے۔ اس میں تمام ارکان شرکت کرتے ہیں جو جمہوری انداز میں تمام فیصلے کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ سپریم کونسل کسی بھی تنظیم کے فنڈز کی منظوری دینے اور اس کے حسابات کو چیک کرنے کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ کسی بھی سپریم کونسل کا اجلاس سال میں ایک دفعہ ہونا لازمی ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کی پر کسی بھی وقت اجلاس بلایا جا سکتا ہے۔

### Associació ایسوسی ایشن

چند افراد پر مشتمل ایک گروپ جو کوئی بھی اجتماعی یا انفرادی مقصد کے حصول کیلئے رضاکارانہ آزادانہ اور مل بیٹھ کر کام کرنا چاہتے ہوں اسے تنظیم یا ایسوسی ایشن کہا جاتا ہے جہاں وہ تمام افراد مل کر اپنے تجربات، سرگرمیوں اور وسائل کے ساتھ عارضی یا مستقل طور پر کام کرنے کی ذمہ داری اٹھائیں

### Associació de consumidors انجمن صارفین

ایسی تنظیم جو کسی نفع و نقصان کے لالچ کے بغیر صارفین کے حقوق کیلئے جدو جہد کرتی ہے۔ یہ تنظیم ماہانہ چندہ دینے والے اپنے باقاعدہ ارکان کو خدمات فراہم کرتی ہے

### Associació de Mares i Pares d'Alumnes (AMPA) طلباوطالبات کے والدین کی تنظیم

تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم بچوں کے والدین کی جمہوری نمائندہ تنظیم جس کا کام سکول میں بچوں کے کھانے کا انتظام، معلومات و رہنمائی، غیر نصابی سرگرمیوں کا اہتمام کرنا ہوتا ہے۔ بچوں کے والدین میں سے کوئی بھی اس تنظیم کا سرگرم رکن ہوسکتا ہے اور جمہوری انداز میں ووٹنگ کے ذریعے اس کا عہدیدار بن سکتا ہے

### Associació de veïns اہل محلہ کی نمائندہ تنظیم

اس تنظیم کا مقصد اہل محلہ کی مختلف سرگرمیوں کو فروغ دینا اور ان میں باہم ربط پیدا کرنا ہے۔ اس کے علاوہ انتظامیہ کے ساتھ کسی بھی معاملہ یا مطالبات کے حل کیلئے اہل محلہ کی نمائندگی کرنا ہے۔ اس کے مقاصد میں محلہ کے اندر مختلف سرگرمیوں، پروگرام، کورسز اور مدد و رہنمائی فراہم کرنا ہے

### Associació esportiva escolar تعلیمی اداروں کی کھیلوں کی ایسوی ایشن

کھیلوں کی وزارت کے سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری پروگرام کو یقینی بنانا تاکہ سکولوں کے طلبا و طالبات میں کھیلوں کے فروغ جس سے بچوں میں صحت مندانہ تعلیم مسابقت کا رجحان پیدا ہوسکے اور ان میں اخلاقی قدروں کے حصول کیلئے مددگار ثابت ہو۔ ان پروگراموں کے ذریعے مستقبل میں کتالان کھیلوں کے جاری رکھنے کیلئے اعلیٰ تکنیکی اور مقابلہ کی فضا پیدا کرنا ہے

### Associació sense ànim de lucre غیر منافع بخش تنظیم

ایسی تنظیم جس کے تجارتی مقاصد نہ ہوں اور اس سے پیدا ہونے والے نفع کو ارکان میں تقسیم کرنا مقصد نہ ہو بلکہ وہ دوسرے سماجی منصوبوں اور سرگرمیوں کے لئے استعمال ہوں

### Ateneu علمی و ادبی تنظیم

ایسی ثقافتی تنظیم جس کا مقصد فنون لطیفہ، علم و ادب اور سائنسی علم کے بارے سرگرمیوں کا فروغ ہے ایسی تنظیم ہر قسم کے تعصب سے پاک ہوتی ہے اور اس کی خدمات پوری انسانیت کیلئے ہوتی ہیں

### Casals d'estiu موسم گرما کی سرگرمیاں

گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران بچوں کیلئے تعمیری سرگرمیوں کا انعقاد کرنا جن دنوں میں ان کے والدین حصول روزگار کیلئے مصروف ہوتے ہیں۔ ان سرگرمیوں میں کھیل کود، کھیلیں ثقافت شامل ہے اس کے اوقات عام طور پر سکول کے طرح ہوتے ہیں۔ ان سرگرمیوں کا اہتمام انجمن والدین ***AMPA*** سپریم کونسل ***Consell Escolar*** کی منظوری کے بعد کرتی ہے۔ اس کے علاوہ موسم گرما کے دوران مختلف غیر سرکاری تنظیمیں بھی سرگرمیوں ***entitats d'educació en el lleure*** کا اہتمام کرتی ہیں

### Casals i centres cívics سوک سنٹر اور مختلف سرگرمیاں

سماجی و ثقافتی سرگرمیوں کے مراکز جن کا مقصد مختلف تنظیموں کے تعاون سے مہذبانہ سرگرمیوں کا فروغ ہے اور مختلف شہری تنظیموں اور افراد کو باہمی اخوت و مل بیٹھنے کیلئے جگہ فراہم کرنا ہے۔ ہر مراکز اپنے سہ ماہی شیڈول میں مختلف سماجی و تفریحی سرگرمیاں ترتیب دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ کلچرل پروگرام بھی تشکیل دیتے ہیں جیسے کتلان علاقائی رقص ساردانا ***sardanes*** اور دوسری روایتی سرگرمیاں وغیرہ

### Castellers انسان کا مینار

پاپولر کتلان روایتی سرگرمی جس میں انسانوں کا ایک مینار تعمیر کیا جاتا ہے۔اس میں 9 منزلوں تک کا مینار بنایا جا سکتا ہے۔ہر مینار کا مخصوص نام اس کی منزلوں اور ہر منزل میں موجود افراد کے حوالے سے رکھا جاتا ہے

### Centres excursionistes کوہ پیمائی کے مراکز

ایسی تنظیمیں جو کوہ پیمائی کے ذریعے نہ صرف اپنے علاقہ کی پہچان اور اہمیت کو فروغ دیتی ہیں بلکہ ماحولیاتی عوامل اور ثقافتی و تعمیری سرگرمیوں کا انعقاد کرتی ہیں

### Clubs esportius سپورٹس کلب

کسی بھی محلے یا علاقہ میں قائم کیے جانے والے پرائیویٹ کلب جن کو سرکاری اور کھیلوں کی فیڈریشن کی سرپرستی حاصل ہو۔ایسے کلب مختلف افراد یا گروپوں پر مشتمل ہوتے ہیں جن کی مشترکہ دلچسپی ہوتی ہے اور وہ مختلف کھیلوں کی سرگرمیوں میں اپنے ساتھی ارکان کو جمع کرتے ہیں

### Codesenvolupament باہمی ترقی و تعاون کی تنظیمیں

تارکین وطن پر مشتمل ان کے مادر وطن کی ترقی کیلئے تعاون کی تنظیم جس کا مقصد ان کے اپنے معاشرہ میں بہتری و معاشی ترقی باہمی ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہوتا ہے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون و دوستی کی فضا فروغ پا سکے

### Cohesió social سماجی اخوت و بھائی چارہ

سماجی اخوت و بھائی چارہ کسی علاقہ میں موجود افراد و گروپوں کے درمیان مل بیٹھنے کو کہتے ہیں

### Colles de diables شیطان کی آنت

کتلان کی روایتی سرگرمیوں میں آتش فشاں جانور اور رات کے وقت شیطان کی آنت اور تصوراتی بلائیں (ڈریگن۔اڑنے والی بلائیں) بہت اہمیت رکھتی ہیں۔کسی بھی شو کے دوران یہ تصوراتی شیطانی اور آتش فشاں بلائیں بہت سے پٹاخے اور پھلجھڑیاں پھینکتی ہیں جبکہ اس کے ارد گرد لوگ خوشی ناچتے اور بھنگڑا ڈالتے ہیں

### Colònies d'estiu موسم گرما کے دوران کیمپ پروگرام

سماجی و تفریحی تنظیموں اور غیر سرکاری سماجی تنظیموں **ONG** کی جانب سے گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران قدرتی مقامات پر سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ان تفریحی سرگرمیوں کا بنیادی مقصد گرمیوں **entitats d'educació en el lleure** کی چھٹیوں کے دوران بچوں میں باہمی تعلقات و دوستی کی فضا قائم کرنے اور مل بیٹھنے کی اقدار کو فروغ دینے اور قدرتی وسائل کی اہمیت اجاگر کرنے اور بچوں کی نشو و نما میں مدد دینا ہے۔اسے کیمپنگ کہا جاتا ہے کیونکہ اس دوران بچے گھر سے باہر خیموں میں رہتے ہیں

### Comerç just منصفانہ تجارت

روایتی تجارت جس کا مقصد مارکیٹ کے قوانین کی پابندی اور منافع بخش سرگرمیاں ہوتا ہے ان سے متعلقہ علاقوں میں غربت بڑھتی ہے۔منصفانہ تجارت کا مقصد باہمی تعاون کی فضا کے ذریعے ان ممالک کے تاجران کو براہ راست مارکیٹ سے روشناس کرواتا ہے جہاں انہیں افرادی قوت اور منصفانہ تجارت کے برابر مواقع میسر آسکیں اور متوازن زندگی گذارنے کی سہولت میسر ہو۔اس کے لئے جن بنیادی شرائط رکھی گئیں ہیں ان میں باعزت تنخواہیں۔بچوں سے محنت و مزدوری سے اجتناب۔خواتین و مرد حضرات کیلئے برابری کے حقوق۔ماحولیات اور ملازمین کے حقوق کا احترام شامل ہیں۔منصفانہ تجارت کی مصنوعات مخصوص دکانوں سے خریدی جا سکتی ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ ان میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے

### Comunitat educativa علمی واوبی حلقۂ احباب

ایسی سرگرمیوں کا مقصد بچوں کے تربیتی عمل میں ان کے اہل خانہ کی شرکت کو یقینی بنانا ہے۔ بچوں کی تعلیم صرف سکولوں کی ذمہ داری نہیں بلکہ گھر والوں کا کردار بھی اس میں بہت اہم کردار رکھتا ہے تا کہ بچہ اپنی تعلیم مکمل کر سکے۔ والدین بھی سکول کا حصہ ہوتے ہیں اس لئے مختلف تنظیموں اور اداروں کے ذریعے ان کی شرکت کو ممکن بنایا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں آپ ویب سائٹ کا حصہ تعلیم ملاحظہ کر سکتے ہیں

### Conciliació de la vida familiar, social i laboral خاندانی سماجی اور معاشی سرگرمیوں میں تعلق

اس سے مراد ایسے محنت کش خواتین وحضرات ہیں جنہیں اپنی معاشی سرگرمیوں کی وجہ سے سماجی وخاندانی سرگرمیوں کی طرف توجہ دینے کیلئے وقت نہیں بچتا۔ خوص طور پر خواتین محنت کش کو اپنے بچوں کو وقت دینے کیلئے ان کے معاشی حالات آڑے آتے ہیں اس سلسلے میں حکومت نے بعض اقدامات کئے ہین تا کہ ان کی معاشی وسماجی زندگی میں توازن لایا جا سکے جس سے ان کی معاشی زندگی متاثر ہوئے بغیر وہ اپنے اہل خانہ کو توجہ دے سکیں

### Consell Escolar del centre تعلیمی ادارے کی مشاورتی کونسل

سکولوں اور کالجوں جیسے تعلیمی اداروں کی مشاورتی کونسل حکومتی سرپرستی میں قائم ایک تنظیم ہے جس میں نوجوان طلبا نمائندے۔ انتظامیہ کے نمائندے۔ انجمن والدین کے نمائندے اور کارپوریشن کے نمائندہ افراد شامل ہوتے ہیں

### Consell Municipal میونسپل مشارتی کونسل

میونسپل کارپوریشن کے معاملات میں مدد کرنے کیلئے مختلف شعبہ جات سے متعلقہ افراد کی کونسل تشکیل دی جاتی ہے جس میں تعداد اور شعبہ ہائے زندگی کے افراد کو شمولیت سے اجتماعی بنایا جاتا ہے۔ یہ مشاورتی کونسل مستقل کمیشن اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں کام کرتا ہے۔ مختلف گروپوں میں تجزیات۔ تاثرات۔ بحث ومباحثے کے بعد ان سے حاصل ہونے والے نتائج پر مشتمل تجاویز کی منظوری سپریم کونسل مین حاصل کی جاتی ہے۔ جسے بعد میں کارپوریشن کے مختلف محکمون کے سربراہان بھیجا جاتا ہے تا کہ آئندہ پالیسی کا حصہ بن سکیں

### Entitats d'educació en el lleure تعلیمی تفریحی تنظیم

ایسی تنظیم جس کا مقصد تفریح کے ساتھ طلباو طالبات کی تعلیم تربیت میں رہنمائی کرنا ہے جسے رضاکارانہ طور پر بعض افراد چلاتے ہیں اس قسم کی تنظیموں میں **esplais** بہت مشہور ہے

### Esbarts dansaires علاقائی رقص کی تنظیم

ایسی تنظیم جس کا مقصد لوگوں میں روایتی رقص کو متعارف وفروغ دینا ہو

### Escola d'Educació Infantil i Primària (CEIP) نرسری و پرائمری سکول

تین سال سے پانچ سال کے بچوں کیلئے قائم کردہ سکول جس میں نرسری اور پرائمری کلاسز موجود ہوں۔ اس سلسلے میں آپ ویب سائٹ کا حصہ تعلیم ملاحظہ کر سکتے ہیں

### Esplai اسپلائی۔ تعلیمی تفریحی تنظیم

جہاں بچے اور نوجوان مل جل کر بیٹھنے اور فیصلے کرتے ہیں۔ مختلف تفریحی۔ تعلیمی کھیلوں تجسس کی سرگرمیوں کے ساتھ اکھٹے وقت گذارتے ہیں۔ عام طور پر ہفتہ کی شام ایک جگہ اکھٹے ہوتے اور کوئی تفریحی پروگرام ***Entitat d'educació en el lleure*** کرتے ہیں یا کیمپنگ اور تفریحی پروگرام تشکیل دیتے ہیں

### Estat aconfessional غیر مذہبی سلطنت

جب کوئی حکومت کسی خاص مذہب کی نمائندگی نہ کرتی ہو اور معاشرے میں موجود تمام مذاہب کو برابر کی اہمیت حاصل ہو اور اس کے تمام مذاہب کے ماننے والوں کے ساتھ

برابر کے تعلقات ہوں ۔ اسپین ایک غیر مذہبی یعنی سیکولر ملک ہے

## Estatuts d'una associació کسی بھی تنظیم کا آئین

تمام حقائق و مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی بھی قواعد و ضوابط پر مشتمل دستاویز کو اس کا آئین کہا جاتا ہے ۔ اس آئین میں تنظیم کا نام ۔ اس کے اغراض و مقاصد ۔ دفتر کا پتہ ۔ علاقائی تعین ۔ عہدیداران اور ان کے اختیارات کا تعین ۔ ساتھی ممبران کی رکنیت کا حصول اور رکنیت کا اختتام کا طریقہ کار ۔ ضابطہ اخلاق ۔ آئین میں تبدیلی بارے طریقہ کار کی واضاحت ۔ ساتھی ارکان کے حقوق و فرائض اور تنظیم کے اثاثوں کا ذمہ دار افراد یا اداروں کا تعین ۔ کسی بھی آئین میں ترمیم کیلئے جنرل اجلاس **assemblea general de socis** بلانا ضروری ہے

## Federació فیڈریشن

مختلف تنظیموں اور غیر سرکاری سماجی اداروں کی نمائندہ تنظیم جس میں متفقہ و مشترکہ مقاصد والی تنظیمیں شامل ہوں تا کہ وہ انتظامیہ اور پورے علاقے میں ایک نمائندہ تنظیم کا کردار ادا کر سکیں

## Federacions esportives catalanes کھیلوں بارے کتلان فیڈریشن

سماجی و عوامی مفادات کی بہتری کیلئے مختلف سپورٹس کلبوں **clubs esportius** اور سپورٹس تنظیموں کی نمائندہ ایسوی ایشن **associacions** جس میں کتالونیا میں موجود تمام کھیلوں سے متعلقہ ادارے شامل ہیں جو بعد میں مختلف فیڈریشنوں کی یونین سے ملحق ہے جس کا مقصد سماجی بنیادوں پر قائم تنظیموں کی مدد و رہنمائی اور کتلونیا میں کھیلوں کے فروغ میں تعاون کرنا ہے ۔ اسی تنظیم کے اثر و رسوخ کی وجہ سے کتالونیا سے مختلف کھیلوں میں عالمی سطح پر نمائندگی موجود ہے ۔ اس وقت پورے کتلونیا میں کھیلوں کی پانچ فیڈریشن موجود ہیں جن کو سرکاری سرپرستی حاصل ہے

## Fundacions فاؤنڈیشن

غیر سرکاری سماجی تنظیم جس میں اس کے اثاثوں میں لمبی منصوبہ بندی کیلئے جائیداد شامل کی جاتی ہے ۔ تمام فاؤنڈیشنوں کا فاؤنڈیشن رجسٹرار کے پاس اندراج ہونا ضروری ہے

## Gegants i capgrossos دیو ہیکل مجسمے یا بڑے سروں والے مجسمے

کتلان روایتی سرگرمیوں میں تاریخ کا حصہ بننے والے معروف افراد اور کہانیوں کے کرداروں پر مشتمل مجسمے تیار کیے جاتے ہیں ۔ دیو ہیکل مجسمے سات میٹر تک اونچے ہوتے ہیں بڑے شہروں اور قصبہ جات کے میلوں میں ان مجسموں کو بڑی اہمیت دی جاتی ہے ۔ ان کے ساتھ بڑے بڑے بے ہنگم سروں کے مجسمے بھی شامل ہوتے ہیں جو مزاحیہ کرداروں کی نمائندگی کرتے ہیں

## Hotels d'entitats تنظیموں کا ہوٹل

مختلف غیر سرکاری تنظیموں کو مختلف قسم کی خدمات فراہم کرنے کیلئے قائم کردہ مرکز کو سماجی ہوٹل کہا جاتا ہے ۔ جہاں پر مختلف تنظیمیں مختلف قسم کی سرگرمیاں سرانجام دے سکتیں ہیں جن میں میٹنگ ہال ۔ کانفرنس ہال اور تعلیمی ہال شامل ہیں

## Institut d'Educació Secundària (IES) سیکنڈری تعلیمی انسٹیٹیوٹ

بارہ سال سے زیادہ عمر کے بچوں کیلئے قائم کردہ مرکز جہاں بچے **ESO** کی تعلیم اور ترقی ماہرانہ کورسز اور گریجوایشن کر سکتے ہیں ۔ اس سلسلے میں آپ ویب سائٹ کا حصہ تعلیم ملاحظہ کر سکتے ہیں

## Junta directiva d'una associació کسی بھی ایسوی ایشن کے عہدیداران

کسی بھی تنظیم کی مختصر ترین کابینہ کم ازکم صدر۔ سیکرٹری اور خزانچی پر مشتمل ہوتی ہے۔اس کے علاوہ نائب صدور اور کابینہ کے ارکان بھی ہو سکتے ہیں۔تمام عہدیداران کا انتخاب ارکان کے جنرل اجلاس **assemblea general de socis** میں جمہوری انداز میں ہوتا ہے۔

## Ludoteques بچوں کے کھیلنے کی جگہ

کھیل ہی کھیل میں بچوں کی تعلیم وتربیت کیلئے الگ سے قائم جگہ جہاں بچے اور بچیاں مل بیٹھ کر دماغی وجسمانی نشو ونما کیلئے باہمی تعلقات کے ذریعے بڑوں کی دنیا میں چلنے قابل ہونے کے طریقے سیکھتے ہیں۔اس کے علاوہ کھلونوں کی مدد سے تعلیم بھی حاصل کرتے ہیں۔کھیل کود کے مراکز پرائیویٹ یا سرکاری بھی ہو سکتے ہیں

## Oficina Municipal d'Informació al Consumidor (OMIC) میونسپل کارپوریشن کے دفاتر برائے معلومات ورہنمائی

کسی بھی کارپوریشن میں صارفین کے حقوق بارے معلومات فراہم کرنے اوراس کا تحفظ کرنے کیلئے مدد ورہنمائی اور شکایات سنٹر بنائے جاتے ہیں

## Organitzacions no governamentals (ONG) غیر سرکاری سماجی تنظیمیں

اس کیلئے آپ **Associació sense ànim de lucre** غیر منافع بخش تنظیم کا پیراگراف ملاحظہ فرمائیں

## Organitzacions no governamentals per al desenvolupament (ONGD) معاشی ترقی کیلئے قائم غیر سرکاری غیر نفع بخش سماجی تنظیمیں

ایسی تنظیموں کا اندراج فاؤنڈیشن **fundació** یا ایسوی ایشن رجسٹرار کے پاس کروایا جاتا ہے۔ان کے بنیادی مقاصد میں ترقی یافتہ اور ترقی پذیر مما لک میں قائم غیر منصفانہ رویہ کو تبدیل کرنے کی کوشش کرنا ہے۔سماجی ترقی کے منصوبوں کا تعلق براہ راست ترقی پذیر مما لک سے ہوتا ہے۔ان کے مقاصد کمرشل نہیں بلکہ سماجی ہوتے ہیں اوران کا تعلق کسی حکومت یا سیاسی جماعت سے نہیں ہوتا

## Personalitat jurídica تنظیم کی قانونی حیثیت

کسی تنظیم کی قانونی حیثیت کو کہتے ہیں۔تمام تنظیمیں چاہے وہ ایسوی ایشن ہوں یا فاؤنڈیشن۔سماجی ترقی کیلئے غیر سرکاری تنظیمیں ہوں یا تفریحی مراکز وغیرہ ان سب کا باقاعدہ اندراج ہونا ضروری ہے اوران کے پاس ان کا ٹیکس نمبر **(NIF)** بھی ہونا چاہئے

## Plans educatius d'entorn خصوصی توجہ کی حامل تعلیم

معاشرے کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کیلئے تعلیمی منصوبہ بندی کو خصوصی توجہ کی حامل تعلیم کہا جاتا ہے۔اس کا پورے معاشرے کیلئے منصوبہ بندی کرنا ہے تا کہ ایسے افراد جن کو مناسب مواقع میسر نہیں ہو سکے ان کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔اس کے بنیادی منصوبوں میں معاشرتی اخوت۔مستقل مزاجی سماجی اتصال تمام افراد کی شرکت وغیرہ ہیں

## Projecte educatiu de centre تعلیمی مراکز کا پراجیکٹ

کسی بھی تعلیمی مرکز کے منصوبہ بارے مکمل رپورٹ اور تعداد کا تعین اس کے مقاصد کا فارمولا اوراس کے تنظیمی ڈھانچے بارے دستاویز کو کہتے ہیں

## Sardanes سارڈانز

کتالونیا کا روایتی رقص

## Servei d'acollida escolar (permanències) سکول میں بچوں کی نگہداشت کا مرکز

جب کسی بچے کے والدین کسی مجبوری کی وجہ سے وقت پر بچے کو سکول سے لینے واپس نہ پہنچ سکیں یا والدین کے کام کے اوقات،سکول کی چھٹی کے وقت کے ساتھ مطابقت نہ رکھتے

ہوں تو ایسی صورت میں سکول میں مستقل بنیادوں پر ایسا مرکز قائم کیا جاتا ہے جہاں بچوں کو کچھ وقت کیلئے روزانہ یا مخصوص ایام میں مصروف رکھا جا سکے

## Teixit associatiu ایسوی ایشنوں کا جال

اس سے مراد کسی بھی علاقے میں معاشرتی اور معاشی تنظیمیں ہیں جو پورے کتالونیا میں پھیلی ہوئی ہیں۔ اور جن کا پورے علاقے میں پھیلا ہوا جال ہے جو اس علاقے کی روایات کو زندہ رکھے ہوئے ہیں جہاں لوگ رضا کارانہ طور **voluntariat** پر سماجی و ثقافتی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

## Voluntariat رضا کارانہ کام

رضا کارانہ کام کرنے والے افراد کے گروپ کو کہا جاتا ہے جو مل جل کر دوسرے افراد کی مدد و رہنمائی کرتے ہیں جہاں ان کا مقصد کسی منافع کے بغیر کسی تنظیم کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوتا ہے۔ وہ مختلف شعبہ ہائے زندگی بچوں۔ جوانوں۔ عمر رسیدہ افراد۔ امیگرنٹس۔ معذور افراد۔ یا معاشرے سے الگ تھلگ رہنے والے افراد کو معاشرے کا سرگرم رکن بناتا ہے۔ اس کے علاوہ ان تنظیموں کا مقصد بین الاقوامی تعاون۔ کلچر۔ مختلف معاشرتی تنظیموں جیسے اہل محلہ کی تنظیم۔ تفریحی و تعلیمی تنظیم۔ کھیلوں کی تنظیم وغیرہ یا ماحول کے تحفظ کی تنظیمیں شامل ہیں